کتاب کی ثقاہت کی بین دلیل ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حاجی صاحب کو اجر جزیل سے نوازیں' اور ان کے درد دل کو بارآور فرماتے ہوئے ایک عالم کو اس سے مستفید و مستفیض ہونے کی توفیق ارزانی فرمائے۔

کتاب : ماہنامہ نور علی نور اشاعت خصوصی : حبیبہ حبیب خدا مادر مومناں (رضی اللہ عنہا)

شمارہ : دسمبر ۲۰۰۲ء رئیس التحریر: مولانا عبدالرشید انصاری

ملنے کا پتہ: مولانا عبدالرشید انصاری' مسجد عائشہ صدیقہ سیکٹر B-11 کراچی

مولانا عبدالرشید انصاری ملک کے نامور اہل قلم اور بہترین مدیر ہیں' آپ بیک وقت فی الحال دو ماہناموں کی ادارت کے فرائض بحسن و خوبی انجام دے رہے ہیں۔ اور آپ کی جولانی قلم' جولانی طبع کی طرح رواں دواں ہے۔ اس سے پہلے بھی آپ کئی رسالوں کے مدیر رہ چکے ہیں۔ اور کئی قیمتی مختلف النوع مضامین اور ادارتی نوٹ آپ کے سیال قلم سے آئے ہیں۔

کئی ماہ پیشتر آپ نے کراچی سے ماہنامہ نور علی نور نکالا۔ زیر تبصرہ شمارہ اس ماہنامہ کی خصوصی اشاعت ہے جو کہ محبوبہ محبوب کائنات حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی روشن اور جاندار سیرت کے متعلق ہے۔ یعنی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ جن کی برأت میں مکمل سورۃ نور نازل ہوئی۔ اور افترا پردازوں نے آپکے دامن عفت کو نعوذ باللہ داغدار کرنے کی ابلیسی سازش اور شیطانی چال تیار کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لئے اس کا پردہ چاک کر دیا۔ اس عظیم اعزاز پر ام المومنین بجا طور پر فخر فرمایا کرتی تھیں۔ آپکے فضائل و مفاخر اور مناقب اتنے ہیں کہ اس کے لئے ہزاروں صفحات بھی ناکافی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو پیار سے حمیرہ فرمایا کرتے تھے۔ آپ کی ذات علوم نبوت کی امین اور آپکی زبان مبارک لسان نبوت کی ترجمان تھی۔

زیر نظر اشاعت خصوصی میں ام المومنینؓ کے فضائل و مناقب کے متعلق مختلف النوع مضامین شامل ہیں۔ اور ہر گلے رنگ و بوئے دیگر است کے مصداق ہر مضمون اپنے اختصار کے باوجود ایک جامع مقالہ ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا عبدالرشید انصاری کو مزید توفیق ارزانی فرمائے کہ اس قسم کے معلوماتی اور علمی و تحقیقی خصوصی اشاعتوں سے تشنہ گان علم و تحقیق کی تشنہ کامی کا مداوا کر سکیں۔

خط و کتاب کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے